آل پر جو شب اسراء چلے اور جنتی محلات کی حوریں ان پر نمایاں تھیں اور آپ کا نور

عَلَيْهِ يَتَلَاْلَاُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

آپ پر چمک رہا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰى وَقَدْ اَسْفَرَ صُبْحُ الْهُدٰى عَنْ وَجْهِهِ

کی آل پر جو آقا معراج میں چلے درآنحالیکہ روشن ہو گئی صبح ہدایت ان کے چہرۂ

الْكَرِيْمِ وَقَدْ خُلِعَتْ عَلَيْهِ مَلَابِسُ الْجَلَالِ وَالتَّعْظِيْمِ اَللّٰهُمَّ

کریم سے اور ان کو زیب تن کرائے گئے لباس جلالت وتعظیم کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب

سرٰی وقد اتحفہ اللّٰہ بتحف الکرامۃ وقلدہ اللّٰہ قلآئد الامن

معراج کے لیے چلے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں کرامت کے تحفے عطا کئے اور ان کو ہار پہنائے امن

والسلامۃ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا

و سلامتی کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی

محمدن الذی سرٰی ولسان السعادۃ یلھج بذکرہ ومظاھر

آل پر جو معراج پر چلے اور زبان سعادت مندی شیفتہ تھی ان کے ذکر کے ساتھ اور موجودات کے مظاہر

الاکوان تنطق بعظیم قدرہ وفخرہ اللّٰھم صل وسلم علی

ناطق تھے ان کی عظیم قدر و منزلت اور فخر و ناز کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی وقد سیقت

فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل امجاد پر جو معراج کے لیے چلے اور تحقیق کھینچے گئے تھے

الیہ موائد الخلود وانتشرت علیہ طوالع السعود اللّٰھم

طرف ان کے دسترخوان خلود و دوام کے اور پھیلے تھے ان پر سعادتمندی کے ستارے۔ اے اللہ

صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو آقا معراج پر چلے

وقد ظللتہ ظلآئل الانعام واکتنفتہ منآئح الملک العلام

تو سایہ فگن تھے ان پر انعام و اکرام کے گھنے سائے اور انہیں اپنے جلو میں لیے ہوئے تھے ملک علّام کے

اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن

عطیات۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

الذی سرٰی فی عالم الشھود مؤیدا اللّٰھم صل وسلم

جو چلے شب اسراء عالم شہود میں اللہ تعالیٰ کی توفیق پائے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی و

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے تشریف لے چلے اور

مشاھدہ تشرق بالنور والھدی اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا

آپ کی تشریف آوری کے مقامات روشن تھے ساتھ نور و ہدایت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی بعلو قدرہ وکمالہ

محمّد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب نے معراج فرمائی اپنے علو قدر اور کمال مرتبت کے ذریعے

الٰی قصدہ وامالہ اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی

اپنے مقصد اور اُمیدوں تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی الٰی این تقر العین بلا حد ولا

سیّدنا محمّد کی آل پر جو چلے شب معراج اس مقام تک جہاں آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں جس سیر کی نہ حد تھی اور نہ

این وھو عین عین اللّٰھم صل وسلم علی سیدنا محمد و

مکان اور وہی ہے حقیقت ہر حقیقت کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

علی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی الٰی حیث ھداہ اللّٰہ واثرہ

سیّدنا محمّد کی آل پر جس محبوب نے سیر فرمائی جہاں اللہ تعالیٰ نے آپ کی رہنمائی اور ان کو مختص فرمایا

بالقرب منہ وارتضاہ اللّٰھم عافنی فی بدنی وفی سمعی و

اپنے قرب کے ساتھ اور پسند فرمایا انہیں۔ اے اللہ مجھے عافیت بخش بدن میں۔ کانوں میں اور

فی بصری لا الٰہ الا انت اللّٰھم زدنی علما ولا تزغ قلبی

آنکھوں میں۔ نہیں معبود برحق مگر تو ہی۔ اے اللہ میرے علم میں اضافہ فرما اور میرے دل کو ٹیڑھا نہ کر

بعد اذ ھدیتنی وھب لی من لدنک رحمۃ انک انت

بعد اس کے کہ تو نے مجھے ہدایت بخشی اور مجھے عطا فرما اپنے پاس سے رحمت بے شک تو ہی

الوھاب یا وھاب اللّٰھم اغفر لی وارحمنی وعافنی واھدنی

عطا کرنے والا ہے۔ اے عطا کرنے والے۔ اے اللہ مجھے بخش اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت دے۔ ہدایت

وارزقنی واجبرنی وارفعنی انی لما انزلت الیّ من خیر

عطا فرما اور رزق نصیب فرما میری شکستگی دور فرما اور مجھے بلندی عطا فرما۔ بیشک میں محتاج ہوں بسبب اس کے جو تو نے مجھ پر نازل

فَقِيْرٌ رَبِّ اهْدِنِىْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ اِنَّكَ

کیا ہے خیر اور بھلائی سے۔ اے میرے رب مجھے ہدایت عطا فرما مختلف فیہ امور میں سے حق کی اپنی توفیق سے۔ بیشک تو ہی

تَهْدِىْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِىْ فِيْمَنْ

ہدایت دیتا ہے جسے چاہے صراط مستقیم کی۔ اے اللہ ہدایت دے مجھے ان میں

هَدَيْتَ وَعَافِنِىْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِىْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ

جنہیں تو نے ہدایت دی۔ اور عافیت دے مجھے ان میں جنہیں تو نے عافیت دی۔ اور میرا متولی امور ہو ان میں جن کا تو متولی بنا

وَبَارِكْ لِىْ فِيْمَآ اَعْطَيْتَ وَقِنِىْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِىْ

اور برکت دے میرے لیے ان اشیاء میں جو تو نے عطا کیں اور مجھے بچا اپنے شر قضاء سے کیونکہ بیشک تو ہی نافذ فرماتا ہے اپنی قضا کو

وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ

اور تجھ پر کوئی نفاذ نہیں ہو سکتا۔ تحقیق نہیں ذلیل ہوتا جسے تو دوست بنا لے۔ اور نہیں عزت پاتا جس سے تو عداوت رکھے

تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ اَعْطِنِىْ مِنَ الْعُمُرِ وَالْمَالِ وَالْعُلُوْمِ

با برکت ہے تو اے رب ہمارے اور بلند شان۔ عطا فرما مجھے عمر۔ مال اور علوم

وَنَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ

اور ہم استغفار کرتے ہیں تجھ سے اور تیری طرف توبہ کرتے ہیں۔ اے اللہ مجھے بخش اور مومن مردوں

وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ

اور عورتوں کو اور مسلمان مردوں اور عورتوں کو اور الفت دے باہم ان کے دلوں میں

وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اَللّٰهُمَّ

اور ان کے درمیانی معاملات درست فرما اور ان کی امداد فرما اپنے ہر دشمن پر اور ان کے دشمنوں پر۔ اے اللہ

اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ

بیشک میں نے ظلم کیا اپنے نفس پر بہت زیادہ اور نہیں بخشتا گناہوں کو مگر تو ہی

فَاغْفِرْ لِىْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِىْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ

پس میرے لیے مغفرت فرما اپنے پاس سے اور مجھ پر رحم فرما بیشک تو ہی غفور

الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اَعِنِّىْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

رحیم ہے۔ اے اللہ میری اعانت فرما اپنے ذکر اور شکر پر اور اچھی عبادت پر

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِىْ دِيْنِىَ الَّذِىْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِىْ وَاَصْلِحْ

اے اللہ درست فرما میرے لیے میرے دین کو جو میرے امور کی عصمت (کا موجب) ہے اور درست فرما

لِىْ دُنْيَاىَ الَّتِىْ فِيْهَا مَعَاشِىْ وَاَصْلِحْ لِىَ الْاٰخِرَةَ الَّتِىْ فِيْهَا

میرے لیے میری دنیا کو جس میں میری گزران ہے اور درست فرما میرے لیے میری آخرت جس میں

مَعَادِىْ وَاَحْيِنِىْ مَا كَانَتِ الْحَيٰوةُ خَيْرًا لِّىْ وَتَوَفَّنِىْٓ اِذَا كَانَتِ

میری بازگشت ہے۔ اور مجھے زندہ رکھنا جب تک زندگانی میرے لیے بہتر ہو اور وفات دے دینا جب کہ

الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّىْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّىْ فِىْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ

وفات میرے لیے بہتر ہو۔ اور بنا زندگانی کو میرے لیے ہر خیر میں زیادتی (کا موجب) اور بنا

الْمَوْتَ رَاحَةً لِّىْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا

موت کو میرے لیے سامان راحت ہر شر سے۔ اے اللہ تو نے ہمیں سیر کیا اور سیراب فرمایا پس ہمارے لیے

وَرَزَقْتَنَا فَاَكْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا اَللّٰهُمَّ قَنِّعْنِىْ بِمَا رَزَقْتَنِىْ

خوشگوار فرما۔ اور تو نے رزق دیا تو بکثرت دیا اور پاکیزہ دیا پس اسے زیادہ فرما۔ اے اللہ مجھے قانع بنا اس پر جو تو نے دیا

وَبَارِكْ لِىْ فِيْهِ وَاخْلُفْ عَلٰى كُلِّ غَآئِبَةٍ لِّىْ بِخَيْرٍ رَبِّ اغْفِرْ

اور برکت دے میرے لیے اس میں اور خلیفہ بن میرے لیے ہر غیر حاضری میں ساتھ خیر کے۔ اے میرے رب بخش

وَارْحَمْ وَاَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ يَآ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ (وَيَآ اَرْحَمَ

رحم فرما اور تو ہی عزیز تر مکرم ترین ہے اے سب ارباب کرم سے بڑے کریم اور اے سب سے بڑے

الرَّاحِمِيْنَ) اَللّٰهُمَّ اِنِّىْٓ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحَاسِبَنِىْ حِسَابًا يَّسِيْرًا وَّ

رحم فرما۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ تو مجھ سے آسان حساب سے (اگر لینا ہی ہو) اور

اَنْ تُعْطِيَنِىْ كِتَابِىْ بِيَمِيْنِىْ وَاَنْ تُبَيِّضَ وَجْهِىْ وَاَنْ تُرَجِّحَ

عطا کرے میرا نامۂ اعمال میرے دائیں ہاتھ میں اور روشن کرے میرا چہرہ اور وزنی کر

مِيزَانِي بِفَضْلِكَ وَاَنْ تَحْشُرَنِي فِي زُمْرَةِ حَبِيبِكَ وَتَحْتَ

میرے پلڑۂ حسنات کو اپنے فضل سے اور میرا حشر فرمائے اپنے محبوب کی جماعت خواص میں اور ان کے

لِوَآئِهٖ وَخَاصَّتِهٖ وَاَنْ تُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهٖ مَعَ اَهْلِ

لواء الحمد کے نیچے اور خواص میں۔ اور داخل فرمائے جنت میں آپ کی شفاعت سے ان کے اہل

مَحَبَّتِهٖ وَاَوْلِيَآئِهٖ وَاَخِصَّآئِهٖ بِرِضَاكَ وَرِضَاهُ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ

محبت اور اولیاء اور خواص کے ساتھ بسبب تیری رضا اور تیرے حبیب کی رضا کے۔ اے اللہ زندہ رکھ مجھے

فِيْ دَوْلَةٍ مَّوْصُوْلَةٍ بِطَاعَتِكَ وَاَمِتْنِيْ اِذَا تَوَفَّيْتَنِيْ عَلٰى تَوْبَةٍ

اس دولت میں جو تیری طاعت سے متصل ہو۔ اور وفات دے مجھے جب بھی وفات دے مقبول توبہ

مَّقْبُوْلَةٍ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ مُؤَدِّيَةٍ اِلٰى جَنَّتِكَ وَنِعْمَتِكَ

پر۔ ساتھ اپنے فضل و رحمت کے جو پہنچانے والی ہو طرف تیری جنت اور نعمت کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِيْ سَرٰى وَمَحَافِلُهٗ تُزْدَانُ اِلٰى سَمْعِ النِّدَآءِ وَالْاَذَانِ اَللّٰهُمَّ

جو محبوب چلے شب معراج اور ان کی محفلیں آراستہ کی جا رہی تھیں نداء و آذان سننے کے لیے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُنْزَلِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جس محبوب پر نازل کیا

عَلَيْهِ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

گیا (فریضہ) رمضان کے مہینہ کا جس میں قرآن نازل کیا گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَقَدْ بَسَطَ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب چلے شب اسراء تو پھیلا رکھا تھا

اللَّيْلُ جَنَاحَهٗ وَرَجَعَ وَمَا اَهْدَى الْفَجْرُ مِصْبَاحَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

رات نے اپنا دامن ظلمت اور لوٹے تو ابھی نہیں ہدیہ دیا تھا فجر نے اپنے چراغ کا اہل دنیا کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى

نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب اسراء میں چلے

وَقَدْ رَفَلَ اللَّيْلُ فِيْ جِلْبَابِهٖ وَرَجَعَ وَمَآ اَسْفَرَ الْفَجْرُ عَنْ

جبکہ رات ناز سے ٹہل رہی تھی اپنی وسیع چادر میں اور واپس ہوئے درآنحالیکہ نہیں ہٹایا تھا فجر نے

نِّقَابِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

(اپنے رخ) کا نقاب۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَقَدْ اَرْخَى اللَّيْلُ اَسْتَارَهٗ وَرَجَعَ وَمَا اَوْرَى

جو شب اسراء روانہ ہوئے جبکہ رات نے اپنے پردے لٹکائے ہوئے تھے اور واپس آ لیے جبکہ نہیں روشن

الْفَجْرُ اَنْوَارَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

کیے تھے فجر نے اپنے انوار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَمَا نَفَضَ طَآئِرٌ اَرْيَاشَهٗ وَرَجَعَ

آل پر جو محبوب روانہ ہوئے شب اسراء جبکہ نہیں توڑا تھا کسی پرندے نے اپنے بالوں کو (پھر پھڑانے سے)

وَمَا هَجَرَ نَآئِمٌ فِرَاشَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور واپس آ لئے جبکہ نہیں چھوڑا تھا کسی سونے والے نے اپنا بستر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَقَدْ زَفَّ اللَّيْلُ عَرَآئِسَهٗ

اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب معراج پر چلے جبکہ آغوش میں لیے ہوئے تھی رات اپنی دلہنوں کو

وَرَجَعَ وَمَا نَشَرَ الْفَجْرُ طَيَالِسَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور واپس آ لئے اور نہیں پھیلائے تھے فجر نے کلاہائے نور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ سَرٰى وَمَا طَرَقَ جَفْنَ

محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب روانہ ہوئے شب اسراء اور نہیں وارد ہوا تھا رات کے

اللَّيْلِ طَارِقٌ وَّرَجَعَ وَمَا اَوْمَضَ لِلْفَجْرِ بَارِقٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بڑے پیالہ پر مہمان شب اور واپس آ لئے جبکہ ابھی نہیں روشن ہوا تھا فجر کا روشنی دینے والا۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جو محبوب معراج پر چلے

وَقَدْ اَسْدَلَ اللَّيْلُ اَطْنَابَهٗ وَرَجَعَ وَمَا فَتَحَ الْفَجْرُ بَابَهٗ
جبکہ رات نے لٹکا رکھی تھیں اپنے (سیاہ خیمہ کی) طنابیں اور واپس آگئے جبکہ ابھی نہیں کھولا تھا فجر نے اپنا دروازہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِىْ سَرٰى وَقَدْ وَسَقَ اللَّيْلُ سَوَادَهٗ وَرَجَعَ وَمَا قَدَحَ الْفَجْرُ
جو محبوب معراج کے لیے چلے جبکہ رات نے ڈھیر کر رکھی تھی اپنی سیاہی اور لوٹے جبکہ نہیں روشن کیا تھا فجر نے

زِنَادَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اپنا چقماق ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى وَكَوَاكِبُ اللَّيْلِ تَلُوْحُ وَرَجَعَ وَمَا بَدَا
پر کہ جو محبوب معراج کے لیے چلے جبکہ ابھی کواکب شب نمایاں و روشن تھے اور لوٹے جبکہ ابھی سپیدۂ فجر

لِلْفَجْرِ وُضُوْحٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
نمودار نہیں ہوا تھا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى وَمَا هَجَعَ نَائِمٌ هَجْعَةً وَّرَجَعَ
کی آل پر کہ جو معراج کے لیے چلے جبکہ نہیں سوئے تھے سونے والے کوئی خاص

وَمَا لَمَعَ لِجَانِبِ الْفَجْرِ لُمْعَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مقدار ۔ اور لوٹے جبکہ ابھی نہیں روشن ہوا تھا افق فجر پر لمعۂ نور ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى وَمَا ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے چلے اور ابھی

حُرَّاسُهٗ وَرَجَعَ وَمَا ابْيَضَّ مِنَ الْفَجْرِ قِرْطَاسُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
نہیں گئے تھے رات سے اس کے پہرے دار اور لوٹے جبکہ نہیں سفید ہوا تھا ابھی فجر کا قرطاس (کاغذ) اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى وَقَدْ
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب معراج کے لیے چلے

حَطَّ اللَّيْلُ رِوَاقَهٗ وَرَجَعَ وَمَا حَلَّ الْفَجْرُ وِثَاقَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جبکہ ابھی گرایا ہوا تھا رات نے اپنا پردہ اور لوٹے جبکہ ابھی نہیں کھولی تھی فجر نے اپنی قید اور بندش ۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب معراج پر چلے

وَمَا قَامَ بِاللَّيْلِ رَاهِبٌ وَّرَجَعَ وَمَا بَدَا لِلْفَجْرِ حَاجِبٌ اَللّٰهُمَّ
اور ابھی نہیں قیام کیا تھا رات میں کسی راہب نے اور لوٹے جبکہ ابھی نہیں ظاہر ہوا تھا فجر کا دربان ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو

سَرٰى وَقَدْ طَرَحَ اللَّيْلُ وِسَادَتَهٗ وَرَجَعَ وَمَا نَشَرَ الْفَجْرُ رَايَتَهٗ
محبوب معراج پر سے جبکہ رات نے ابھی اپنا گدا بچھایا ہوا تھا اور واپس آلئے جبکہ ابھی نہیں لہرایا تھا فجر نے اپنا پرچم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِىْ سَرٰى وَمَا رَوَّعَ اللَّيْلُ اَطْيَارَهٗ وَرَجَعَ وَمَا حَرَّكَ الْفَجْرُ
جو محبوب معراج پر چلے جبکہ ابھی نہیں خوفزدہ کیا تھا رات نے اپنے پرندوں کو اور واپس آلئے جبکہ ابھی نہیں جنبش دی تھی

مَنَارَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
فجر نے اپنے منبع نور کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی

مُحَمَّدِ ۣالَّذِىْ سَرٰى وَمَا اسْتَدَارَ اللَّيْلُ بِنُجُوْمِهٖ وَرَجَعَ وَالْفَجْرُ
آل پر کہ جو محبوب معراج کے لیے گئے اور نہیں گردش کی تھی رات نے ساتھ اپنے ستاروں کے اور واپس آلیے جبکہ

مُبْتَلَعٌ فِىْ بُلْعُوْمِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
فجر نگلی ہوئی تھی شب کے حلقوم میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ کَحَّلَ اللَّیْلُ اَجْفَانَهٗ وَرَجَعَ

سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے چلے جبکہ سرمگین کرر کھا تھا رات نے اپنے پپوٹوں کو اور لوٹے

وَمَا فَكَّ الْفَجْرُ عُنْوَانَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

جبکہ ابھی نہیں رہائی دی تھی فجر نے اپنے عنوان کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَمَالَ نَجْمٌ لِّلْغُرُوْبِ وَرَجَعَ

سیدنا محمّد کی آل پر کہ جو محبوب معراج کے لیے چلے اور مائل ہوا تھا کوکب شب واسطے غروب کے اور

وَالْفَجْرُ عَنِ الْعُیُوْنِ مَحْجُوْبٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

لوٹے جب کہ فجر آنکھوں سے اوجھل تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ وَطَاَ اللَّیْلُ

محمّد پر اور آل سیدنا محمّد پر جو محبوب شب اسراء چلے جبکہ پامال کیا تھا رہرو شب نے

شِرَاعَهٗ وَرَجَعَ وَمَا اَمَاطَ الْفَجْرُ قِنَاعَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اپنی راہوں کو اور لوٹے جبکہ ابھی نہیں دور کیا تھا فجر نے اپنا نقاب۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَمَا وَرَدَ

سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب معراج کیلئے چلے اور نہیں وارد ہوئی تھی

اللَّیْلُ صَفْوَ حِیَاضِهٖ وَرَجَعَ وَمَا لَبِسَ الْفَجْرُ ثَوْبَ بَیَاضِهٖ اَللّٰهُمَّ

رات اپنے صاف حوضوں پر اور لوٹے جبکہ نہیں اوڑھا تھا فجر نے اپنا سفید لباس۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے

وَاللَّیْلُ مُمْتَدُّ الرِّوَاقِ وَرَجَعَ وَمَا کَشَفَ الْفَجْرُ عَنْ سَاقٍ اَللّٰهُمَّ

چلے جبکہ رات اپنا سائبان پھیلائے ہوئے تھی اور واپس آگئے اور نہیں ہٹایا تھا فجر نے پردہ اپنی پنڈلی سے۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب چلے

اِلٰی اَیْنَ تُقِرُّ الْعَیْنَ بِلَا حَدٍّ وَّلَا اَیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

طرف اس مقام کے جو آنکھوں کو ٹھنڈا کرتا تھا بغیر رکاوٹ اور مکان محدود کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلٰی حَیْثُ هَدَاهُ اللّٰهُ

محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر کہ جنہوں نے معراج کیا جہاں تک اللہ تعالیٰ نے آپ کی رہنمائی فرمائی

وَاٰثَرَهٗ بِالْقُرْبِ مِنْهُ وَاَرْضَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور ترجیح دی انہیں اپنے قرب کے ساتھ اور راضی فرمایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَلِسَانُ السَّعَادَةِ یَلْهَجُ

پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے چلے اور زبان سعادت مشغول تھی

بِذِکْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

ان کے ذکر کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ نُصِبَ عَلٰی رَاْسِهٖ عِمَامَةُ السِّیَادَةِ وَالْکَرَامَةِ

جو محبوب معراج کے لیے چلے جبکہ باندھا گیا تھا مضبوطی کے ساتھ آپ کے سرناز پر عمامہ سیادت و کرامت کا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَعَالَمُ الشُّهُوْدِ مُؤَیِّدٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

جو محبوب معراج پر چلے جبکہ عالم شہود تائید و توفیق دیا گیا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلَی الْاُفُقِ الْمُبِیْنِ وَ

محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب شب اسراء پہنچے افق مبین تک اور

الْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا سَیِّدُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

منادیٔ حق ندا کر رہا تھا کہ یہی ہیں سیّد الاوّلین و الآخرین۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَشَاءُوْسُ

نازل فرما سیدنا محمّد پر اور سیدنا محمّد کی آل پر جو محبوب معراج کیلئے چلے اور ملائکہ کے سرآمد و

الملائکة قدامه وخلفه لتعظیمه اللهم صل وسلم علی سیدنا
سردار آپ کے آگے اور پیچھے تھے آپ کی تعظیم کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی اسریت به لیلا من المسجد
محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جن کو تو نے سیر کرائی رات کے حصہ میں مسجد
الحرام الی المسجد الاقصی اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد
حرام سے مسجد اقصیٰ تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سید محمد پر
وعلی ال سیدنا محمد الذی اسریت به الی السموت العلی الی
اور سیدنا محمد کی آل پر جنہیں تو نے سیر کرائی بلند آسمانوں تک اور
سدرة المنتهی اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
سدرۃ المنتہیٰ تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد
سیدنا محمد الذی اسریت به الی قاب قوسین او ادنی اللهم
کی آل پر جنہیں تو نے معراج کرائی قاب قوسین او ادنیٰ تک۔ اے اللہ
صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جس محبوب کو
اریته الایة الکبری وانلته الغایة القصوی اللهم صل و
تو نے دکھلائی بہت بڑی نشانی اور عطا کی انہیں آخری حد مراتب۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی اکرمته
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو مکرم فرمایا ہے
بالمخاطبة والمراقبة والمشافهة اللهم صل وسلم علی
ساتھ ہمکلامی اور حفاظت و نگرانی کے اور روبرو بٹھانے کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی اکرمته بالمشاهدة
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کو مشرف فرمایا تو نے ساتھ مشاہدہ

والمعاینة بالبصر اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
اور دیدار بصری کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
محمد الذی سری وخزنة السموت له نقباء ینادونه مرحبا
آل پر جو محبوب سفر معراج پر چلے اس شان سے کہ آسمانوں کے خازن آپ کے نگران و محافظ تھے جو پکار پکار کر کہتے تھے مرحبا ہے
بالحبیب مرحبا اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال
حبیب کے لیے صد مرحبا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
سیدنا محمد الذی سری والکائنات ینادی هذا اکریم الایادی
کی آل پر جو شب اسراء چلے جبکہ سبھی کائنات منادی کر رہی تھی یہ ہیں سخی ہاتھوں والے
اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ
الذی سرای الی سبع طرائق اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد
جو محبوب چلے شب معراج ساتوں طبقات سماویہ تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وعلی ال سیدنا محمد الذی سری والمنادی ینادی هذا ملاذ
اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے اور منادیٔ حق منادی کرتا تھا یہی ہیں پناہ گاہ
الخلائق اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد
خلائق۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر
الذی سرای الی اعلی علیین اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد و
جس محبوب نے معراج کیا اعلیٰ علیین تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
علی ال سیدنا محمد الذی سری والمنادی ینادی هذا شفیع
آپ کی آل پر جو معراج پر چلے اور منادی حق نداء دیتا تھا کہ یہی ہیں شفیع
المذنبین اللهم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا
المذنبین۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلٰی مَحَلِّ الْفَوْزِ وَالرِّضْوَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کی آل پر کہ جس محبوب نے سیر فرمائی مقام فوز وفلاح اور رضوان ورضا تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ

سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جو محبوب معراج پر چلے اور منادیٔ حق

یُنَادِیْ هٰذَا النَّذِیْرُ الْعُرْیَانُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نداء دے رہا تھا کہ یہ ہیں ڈرانے والے آخری حد انذار تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْبَشِیْرُ لَهٗ یُبَشِّرُ وَیَقُوْلُ

اور آپ کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے جبکہ مبشر قدرت ان کی طرف اشارہ کرکے کہہ رہا تھا

هٰذَا النَّبِیُّ الرَّسُوْلُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

یہ ہیں (آخری اور مقصودی) نبی ورسول۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰٓی اِلٰی مَقَرِّ الرَّحْمَةِ وَحِجَابِ الْعَظَمَةِ

سیّدنا محمّد کی آل پر جو محبوب چلے شب معراج رحمت کی قرارگاہ اور حجاب عظمت تک۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو

سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا رَفِیْقُ الْاُمَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

معراج کے لیے چلے تو منادیٔ حق نداء دے رہا تھا یہی ہیں اُمّت کے مہربان اور باوفا ساتھی۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰٓی اِلٰی مُنْتَهٰی مُرَادِهٖ

سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب شب معراج پر پہنچے اپنے منتہائے مقصود تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو معراج

سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلٰی عِبَادِهٖ اَللّٰهُمَّ

کے لیے روانہ ہوئے اور منادیٔ قدرت نداء دے رہا تھا یہی ہیں جنہیں اللہ نے فضیلت دی ہے اپنے تمام بندوں پر اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰٓی

صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو چلے شب معراج

اِلٰی حَضْرَتِ الْمُنَاجَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

مناجات وخلوت خاص کے مقام تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا سَیِّدُ

اور آپ کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے اور منادیٔ حق اعلان کر رہا تھا کہ یہی ہیں سیادت مآب

الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

زمینوں اور آسمانوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰٓی اِلٰی حَیْثُ یَسْمَعُ صَرِیْرَ الْاَقْلَامِ

کی آل پر جو محبوب شب اسراء پہنچے اس مقام پر جہاں سے سُنتے تھے ملائکہ کی قلموں کی آواز کتابت۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا مُبَلِّغُ الْاَنَامِ اِلٰی دَارِ السَّلَامِ

جو محبوب معراج کے لیے چلے تو منادیٔ قدرت اعلان کر رہا تھا یہی ہیں پہنچانے والے ساری مخلوق کو دارالسلام تک۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰٓی اِلٰی حَضْرَتِ رَبِّهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

جس محبوب نے معراج فرمائی بارگاہ رب العزّت تک۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا

محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر کہ جو محبوب معراج کے لیے چلے اور منادیٔ حق اعلان کر رہا تھا یہی ہیں

الَّذِیْ نُزِّلَ الْقُرْاٰنُ عَلٰی قَلْبِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وہ کہ قرآن ان کے دل اقدس پر نازل کیا گیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر

وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی الی محل فوزہ ونجاتہ اللھم صل و
اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج میں پہنچے اپنے کامیابی وکامرانی کے مقام تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی والمنادی
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو معراج پر چلے اور منادیٔ حق
ینادی ھذا النبی الامی الذی یؤمن باللہ وکلماتہ اللھم صل وسلم
اعلان کرتا تھا یہی ہیں نبی امی جو ایمان کامل رکھتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے کلمات پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل
علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی الی ارفع محل و
فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو معراج میں پہنچے بلند ترین اور بزرگ ترین
اجلہ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی
مقام تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب
سرٰی والمنادی ینادی ھذا الذی خلقتم من اجلہ اللھم صل
معراج کے لیے چلے تو منادی اعلان کرتا تھا یہی ہیں کہ جن کے طفیل تمہیں پیدا کیا گیا ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی الی اعلٰی
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو معراج میں پہنچے بلند ترین
مکان وارضاہ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل
اور پسندیدہ ترین مکان تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد
سیدنا محمدن الذی سرٰی والمنادی ینادی ھذا الذی وسع الخلق
کی آل پر کہ جس محبوب کے معراج کے موقعہ پر منادی اعلان کرتا تھا یہی ہیں وہ کہ محیط ہے تمام مخلوق کو
جاھہ وعلاہ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا
ان کی عزوجاہ اور بلندیٔ مرتبت ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
محمدن الذی سرٰی الی محل القرب والانس اللھم صل وسلم
پر کہ جو محبوب معراج میں پہنچے قرب و انس کے مقام تک ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما

علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی والمنادی
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو معراج کے لیے چلے اور منادی حق
ینادی ھذا الذی خص بالصلوات الخمس اللھم صل وسلم
اعلان کرتا تھا یہی ہیں جو مخصوص ٹھہرائے گئے ہیں صلوات خمسہ کے ساتھ ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی وقد
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جنہیں معراج میں ڈھانپ رکھا تھا
غمرتہ الانوار اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی
انوار الٰہیہ نے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی والمنادی ینادی ھذا منقذ
سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے جبکہ منادیٔ حق اعلان کرتا تھا یہی ہیں بچانے والے
العصاۃ من النار اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی
عاصیوں کو آتش دوزخ سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی وقد سما کل مرتبۃ فاخرۃ اللھم
سیدنا محمد کی آل پر جو معراج میں فائز ہوئے ہر قابل فخر مرتبہ پر ۔ اے اللہ
صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے
والمنادی ینادی ھذا سید اھل الدنیا والاخرۃ اللھم صل
اور منادی حق اعلان کرتا تھا یہی ہیں سردار اہل دُنیا اور اہل آخرت کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وسلم علی سیدنا محمد وعلی اٰل سیدنا محمدن الذی سرٰی
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جنہوں نے معراج فرمایا
علی اجنحۃ الروحانیۃ اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد
ملائکہ کے پروں پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا

اور سیدنا محمد کی آل پر جو معراج پر چلے اور منادی حق اعلان کر رہا تھا یہی ہیں

خَیْرُ الْبَرِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

سب مخلوق سے بہتر و برتر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی وَقَلَآئِدُ التَّخْصِیْصِ لَهٗ مَنْظُوْمَةٌ

کی آل پر جو محبوب معراج پر گئے اور اختصاص کے ہار ان کے لیے موتیوں سے جڑے ہوئے تھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْٓ اُمَّتُهٗ خَیْرُ اُمَّةٍ

کہ جن کے معراج کے موقعہ پر منادی حق اعلان کرتا تھا کہ یہی ہیں جن کی اُمت بہترین اُمت ہے

مَّرْحُوْمَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

جو رحم کی ہوئی ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰٓی اِلٰی نَیْلِ الْمَغَانِمِ وَالْمَکَارِمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

آل پر جو محبوب معراج میں پہنچے انعامات اور بزرگیوں کے مقام وصول تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو معراج کے لیے چلے

وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ

تو منادیٔ حق اعلان کرتا تھا یہ ہیں محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب

ابْنِ هَاشِمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

بن ہاشم۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی بِمَظَاهِرِ الْکَوْنَیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

آل پر جو معراج میں پہنچے کونین کے مظاہر تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا

محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے چلے تو منادیٔ حق ندا دیتا تھا یہی ہیں

الَّذِیْٓ اُقِیْمَ بِهِ الدِّیْنُ وَزَانَ بِهِ الزَّیْنُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

جن کے ذریعے دین کو مضبوط و مستحکم کیا گیا اور زینت پائی ان کی بدولت زیبائشوں نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ زَیَّنَهُ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر کہ جو محبوب معراج پر چلے در آنحالیکہ آراستہ فرمایا

اللّٰهُ اَحْسَنَ زِیْنَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

تھا انہیں اللہ تعالیٰ نے بہترین زیبائش کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ شَرَّفَ

سیدنا محمد کی آل پر جو معراج کے لیے چلے اور منادی اعلان کرتا تھا یہی ہیں وہ جن کے ساتھ مشرف فرمایا

اللّٰهُ بِهٖ مَکَّةَ وَالْمَدِیْنَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اللہ تعالیٰ نے مکہ اور مدینہ کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰٓی اِلٰی مُنَاجَاتِ مَنْ نَبَّاَهُ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب چلے اس ذات کی مناجات کے لیے جس نے انہیں نبی بنایا تھا۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی

اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج کیلئے چلے

وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا عَظِیْمُ الْقَدْرِ عَلَی اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور منادیٔ حق اعلان کرتا تھا یہ ہیں عظیم قدر و منزلت والے اللہ کے ہاں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣالَّذِیْ سَرٰی لِنَیْلِ الْقَصْدِ

سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو چلے شب معراج واسطے حاصل کرنے مقاصد

وَالْاَمَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ۣ

اور آرزوؤں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ عُقِدَتْ لَهُ النُّبُوَّةُ فِی
جو معراج پر چلے اور منادیٔ حق اعلان کرتا تھا یہی ہیں جن کے لیے پیمان نبوت ازل سے ہی کیا
الْاَزَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
گیا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلٰی اَشْرَفِ مَقَامٍ وَّاَسْمٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پر جو شب معراج پہنچے شریف ترین اور بلند ترین مقام تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ
سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے تو منادیٔ حق
یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ فَخَرَتْ بِهِ الْاَرْضُ وَالسَّمَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
اعلان کرنے لگا یہی ہیں کہ فخر کیا ان پر ارض و سماء نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلٰی
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب چلے معراج میں
اَعَزِّ مَنْزِلٍ وَّمَحَلٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
عزیز ترین محل و منزل تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ
سیدنا محمد کی آل پر جو معراج کے لیے چلے تو منادی حق پکار کر کہنے لگا یہی ہیں جن کے
شُرِّفَ بِهٖ شَهْرُ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
ساتھ شرف حاصل کیا ربیع الاول کے مہینہ نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلٰی حَضْرَةِ الْكَرِیْمِ وَالْكَرَمِ
اور سیدنا محمد کی آل پر جو معراج میں پہنچے اللہ کریم کے حریم ناز و کرم تک۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر

الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ لَوْلَاهُ لَمْ تَخْرُجِ الدُّنْیَا
جو معراج کے لیے روانہ ہوئے تو منادیٔ حق اعلان کرنے لگا یہی ہیں جو موجود نہ ہوتے تو دنیا نہ آتی طرف وجود کے
مِنَ الْعَدَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
پردۂ عدم سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی
مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلَی الْاُفُقِ الْمُبِیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
آل پر جو معراج میں پہنچے افق مبین تک۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا
محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب معراج کے لیے روانہ ہوئے تو منادی حق اعلان کرنے لگا
سَیِّدُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
یہی ہیں سردار اوّلین اور آخرین کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ زَانَتْ اَخْبَارُهُ وَ
اور آپ کی آل پر جو محبوب معراج پر چلے جبکہ زینت پا چکی تھیں خبریں ان کی اور
اَشْرَقَتْ اَنْوَارُهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
جگمگا اُٹھے انوار ان کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا حَبِیْبُ
سیدنا محمد کی آل پر جو معراج پر چلے تو منادیٔ حق اعلان کر رہا تھا یہ ہیں اللہ تعالےٰ کے
اللّٰهِ وَمُخْتَارُهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
حبیب و مختار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَرٰی اِلٰی عُلُوِّ مَكَانَتِهٖ وَرُتْبَتِهٖ اَللّٰهُمَّ
کی آل پر جو شب معراج پہنچے اپنے مرتبہ و مقام کی بلندیوں تک۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو

سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ نَبَّاَهُ اللّٰهُ وَاٰدَمُ مُنْجَدِلٌ
شب معراج روانہ ہوئے تو منادی حق اعلان کرنے لگا یہی ہیں وہ جنہیں اللہ نے نبی بنایا جبکہ آدم علیہ السلام ہنوز اپنے گارے
فِیْ طِیْنَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مٹی میں پڑے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَاَعْلَامُهٗ مَنْشُوْرَةٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
آل پر جو محبوب معراج کے لیے روانہ ہوئے جبکہ ان کے پرچم عظمت لہرا دئے گئے تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ تَمَّمَ
سیدنا محمد پر جو معراج کے لیے روانہ ہوئے تو منادی قدرت اعلان کر رہا تھا یہی ہیں کہ کامل کر دیا ہے
اللّٰهُ اَمْرَهٗ وَنُوْرَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اللہ نے ان کا امر اور نور۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَاَنْوَارُهٗ تَتَوَقَّدُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
سیدنا محمد کی آل پر جو معراج پر روانہ ہوئے جبکہ ان کے انوار ضوء فگن تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور سیدنا محمد کی آل پر جو محبوب معراج کیلئے چلے
وَالْمُنَادِیْ یُنَادِیْ هٰذَا الَّذِیْ نَبَّاَهُ اللّٰهُ وَاٰدَمُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَ
تو منادیٔ حق اعلان کرنے لگا۔ یہی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے نبی بنایا جبکہ آدم علیہ السلام ابھی روح اور
الْجَسَدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
جسم کے درمیان تھے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی
مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰی وَقَدْ نُصِبَتْ عَلٰی رَاْسِهٖ اَلْوِیَةُ السُّعُوْدِ اَللّٰهُمَّ
آل پر جو محبوب معراج کے پرچم روانہ ہوئے اس شان سے کہ نصب تھے ان کے سرناز پر سعادتمندیوں کے پر۔ اے اللہ
